20/09/2025

12.30 PM

Signature Tune

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ مشاہد حسین سے خبریں سُنیے۔

ایل جی

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ امن اور استحکام ، جذبہ

اتحاد اور مشترکہ اہداف سے بھارت ترقی کے نئے منازل طے کر سکتا ہے۔ ۃ

سرینگر میں بھارتیہ بھاشا سمیتی کے اشتراک سے ہندی پکھواڑہ کے سلسلے میں ” بھارتی NIT زبانوں کے انضمام“کے موضوع پر منعقدہ ایک قومی سمینار سے خطاب کرتے ہوئے ایل جی نے کہا کہ بھارت کا لِسانی تنوع اس ملک کی عظمت کی عکاسی کرتا ہے ۔

عمر عبداللہ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کہاہے کہ جموں کشمیر سرکار نے کشمیر وادی سے میوہ

جات بر آمد کرنے کیلئے درکار ٹرکوں کو کام پرلگا دیا ہے ۔ ۃ

دریں اثناوزیر اعلیٰ نے ایک میٹنگ میں محکمہ صنعت و حرفت کی وساطت سے روزگار کے وسائل پیدا کرنے ،سٹارٹ اپس قائم کرنے ، دستکاروں کی بہبودی اور صنعتی سرمایہ کاری سے متعلق مختلف امورات کا جائزہ لیا ۔

چیف سیکریٹری

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے نرسنگ کو طبی نگہداشت کے نظام میں ریڈ ھ کی ہڈی قرار دیتے ہوئے نرسنگ کی تعلیم کو مستحکم کرنے پر زوردیا ہے ۔

وہ سرینگر میں صحت کے اعلیٰ افسروں کی ایک میٹنگ میں جموں کشمیر میںنرسنگ تعلیم کے معیارات کا جائزہ لے رہے تھے۔

انہوننے ساتھ ہی تمام اضلاع میں قائم نئے نرسنگ کالجوں کی کار گذاری کا بھی تفصیلی جائزہ لیا۔

میمنٹوز

میمنٹوز ای نیلامی 2025 کیلئے 76 میمنٹوز کا تعاون دیا ہے۔ان PM جموں کشمیر اور لداخ نے میں 71جموں کشمیر کے اور 5لداخ خطے کی پانچ مصنوعات ہیں جو اپنے اپنے علاقوں کی منفرد ثقافتی فنکارانہ اور روحانی روایتوں کی عکاسی کرتے ہیں۔

پر آن لائن جاری ہے۔www.pmmementos.gov.in یہ ای نیلامی 17ستمبر سے 2اکتوبر تک

لیبر کمشنر

جموں کشمیر کے لیبر کمشنر چرن دیپ سنگھ نے سیواپرو کے سلسلے میں سوستھ ناری سشکت ابھیان کے موضوع سے ویبنار کے دوران عوام ، خاص کر خواتین کیلئے محکمے کے پراگراموں اور اسکیموں کو موثر انداز میں عملانے پر زور دیا ہے۔

سرینگر

ڈپٹی کمشنر سرینگر اکشے لابرو نے ڈی سی آفس کمپلیکس میں سیوا پرو کی جاری مہم کے تحت ایک عوامی Toiletفیسلٹی کے تعمیراتی کام کا آغازکیا۔

اس اقدام سے کمپلیکس کے احاطے میں شہری سہولیات میں اضافے کے ساتھ ساتھ عوامی کے مفاد میں صفائی ستھرائی بھی یقینی بنے گی۔

بڈگام

ضلع انتظامیہ بڈگام کی جانب سے سیوا پرو کے تیسرے دن صفائی ستھرائی سے لے کر ماحولیات سے متعلق جانکاری ، تغذیہ ، سماجی شمولیت اور اجتماعی ذمہ داری سے متعلق پروگرامونکا ایک سلسلہ منعقد کیا گیا۔

ان پروگراموں میں مقامی لوگوں ، طالب علموں ، سماجی تنظیموں اور سرکاری محکموں کے ملازمین نے بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔

گاندربل

ڈپٹی کمشنر گاندربل جتن کشور کی صدارت میں منعقدہ ضلع سط کی نارکو کوارڈی نیشن سینٹر کی کمیٹی کی میٹنگ میں منشیات مخالف جانکاری پروگراموں اور ڈرگ سمگلروں کے خلاف کارروائیوں میں تیزی لانے پر زور دیا گیا ۔

دریں اثنا ضلع اسپتال گاندربل میں سوستھ ناری سشکت ابھیان کے تحت ایک بڑا ہیلتھ کیمپ منعقد کیا گیا۔

پلوامہ

اسی طرح سے ضلع پلوامہ میں بھی عوامی بہبودی اور جانکاری پروگراموں پر مشتمل کئی سرگرمیاں انجام دی گئیں ۔

ضلع کے مختلف اسکولوں ، کالجوں ، میونسپل اداروں ، دیہی ترقیات ، صحت ، سماجی بہبود ، جنگلات اور دیگر محکموں کے احاطہ جات میں منعقدہ ان پروگراموں میں لوگوں اور عملے کی سرگرم شرکت دیکھی گئی۔

اضلاع

شوپیان،بانڈی پورہ ،اننت ناگ اور وادی کے دیگر اضلاع میں بھی سیوا پرو کے سلسلے میںالگ الگ سرگرمیاں جاری ہیں ، جن کے تحت عوام میں صحت ، صفائی ،ستھرائی ، تغذیہ اور ہماری اجتماعی ذمہ داری کے بارے میں جانکاری عام کی جا رہی ہے۔

پولیس

جموں کشمیر پولیس کی طرف سے بھی سیوا پرو پہل کے تحت بڈگام اور اونتی پورہ میں طالب علموں کیلئے جانکاری کیمپوں کا انعقاد کیا گیا۔

اس موقعے پر طالب علمونکو پولیس تھانونکے کام کاج اور پولیس اہلکاروں کی روز مرہ کی ذمہ داریوں کے بارے میں بتایاگیا۔

اس دوران ہندواڑہ پولیس نے گلورہ لنگیٹ میں محمد اکبرملک نامی ایک ڈرگ سمگلر کا رہائشی مکان اٹیچ کر دیاہے۔

گاندربل پولیس نے قانون کی گرفت سے پچھلے چار سال سے بچنے والے ایک روپوش شخص ظہور احمد لون کو پکڑ لیا ہے۔یہ شخص پرنگ کنگن کا رہنے والا ہے جسے چیف جوڈیشل مجسٹریٹ راجوری کی عدالت میں پیش کیاگیا ہے۔

بانڈی پورہ

ڈپٹی کمشنر بانڈی پورہ اندو کنول چب نے ضلع کے سمبل سب ڈویژن کا دورہ کرکے وہاں کئی اہم بنیادی ڈھانچے کے پروجیکٹوں اور ٹریفک منیجمنٹ سے جڑے مسائل کا جائزہ لیا۔

موصوفہ نے خاص طور پر Naninara پل کا جائزہ لیا جو علاقے کی آبادی اور گاڑیوں کیلئے ایک اہم رابطہ ہے۔

EDI

جموں کشمیر آنٹر پرنیور شپ انسٹی چیوٹ نے نوجوانوں میں اختراعیت اور کار خانہ داری کی رغبت پیدا کرنے کے اپنے مشن کے تحت سرینگر ، کٹرہ ، کھٹوعہ اور بانہال میں سٹارٹ اپ آئیڈیا چلینج بُوٹ کیمپونکا انعقاد کیا۔

کالج سرینگر،شری ماتا ویشنو دیوی یونیورسٹی ، گورنمنٹ وومن ڈگری کالج کھٹوعہ SP یہ کیمپ اور گورنمنٹ ڈگری کالج بانہال میں منعقد کئے گئے ، جہاں کئی اختراعی آئیڈیاز کو شارٹ لسٹ کیا گیا ۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

ہمیں دیجئے اجازت، خدا حافظ

....

....

....